12523 ـ تعدد کی شروط کیا ہیں

سوال

وہ کون سی شروط ہیں جن کی موجودگی میں مرد کے لیے ایک سے زیادہ شادیاں کرنا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ایک سےزیادہ شادیاں کرنا مطلوب ہے لیکن اس کے لیے مندرجہ ذیل شرط ہے کہ :

انسان کے پاس مالی ، بدنی ، اوربیویوں کے مابین عدل وانصاف کرنے کی طاقت وقدرت ہو توپھر وہ دوسری شادی کرسکتا ہے ۔

اس لیے کہ تعدد زوجات سے ان عورتوں کی حفاظت ہوگی جن سے شادی کی جائے ، اورپھر اس میں لوگوں کا ایک دوسرے کے ساتھ تعلق بھی بڑھے گا ، اورکثرت اولاد بھی ہوگي جس کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اپنے فرمان میں اشارہ کیا ہے کہ :

فرمان نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے :

(تم زیادہ محبت کرنے والی اورزیادہ بچے جننے والی عورتوں سے شادی کرو) ۔

اوراس کے علاوہ بھی بہت سی مصلحتیں اورحکمتیں ہیں ، لیکن اگر انسان ایک سے زیادہ شادیاں فخر اورپھر چیلنج کی بنا پر کرے تویہ اسراف میں شامل ہوتا ہے جس سے منع کیا گیا ہے ۔

اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

اوراسراف و زیادتی سے کام نہ لو یقینا اللہ تعالی اسراف اورفضول خرچی کرنے والوں سے محبت نہیں کرتا ۔ .